© rasailojaraid.com

مخصوص سماجی تناظر نیز ان کے منفی وضرر رساں پہلوؤں پر غور کرنے کی ضرورت محسوس نہیں کی جاتی۔ اشرافیہ کے اختیار کردہ رجحانات کو اگلے مرحلے پر متوسط طبقوں میں فروغ ملتا ہے اور پھر رفتہ رفتہ اسے ایک عام معاشرتی روایت کا درجہ حاصل ہوتا چلا جاتا ہے۔

بچپن کی عمر دراصل بچوں کے کھیلنے کودنے، معصوم شرارتیں کرنے اور گھر کے مانوس ماحول میں ماں باپ کا لاڈ پیار دیکھنے کی عمر ہوتی ہے۔ بچے کی وابستگی ماں باپ کے ساتھ بہت گہری ہوتی ہے اور خاص طور پر اپنے ذاتی نوعیت کے مسائل کے لیے ماں اس کے لیے سب سے زیادہ قابل اعتماد ہستی ہوتی ہے۔ بچوں کی تعلیم کا عمل اسی ماحول میں ایسے طریقے سے شروع ہونا چاہیے کہ وہ اسے کوئی ذمہ داری یا بوجھ نہ سمجھیں، بلکہ فطری رغبت اور اشتیاق کے ساتھ اس کی طرف مائل ہوں۔ بچہ ویسے بھی سیکھنے کی ایک فطری خواہش رکھتا ہے اور اگر اس کی نفسیات کا لحاظ رکھتے ہوئے گھر کے ماحول میں ہی غیر رسمی انداز میں اس کے لیے سیکھنے کا ماحول پیدا کیا جائے تو وہ رسمی تعلیم کے اس نظام سے کہیں زیادہ موثر اور مفید ہو سکتا ہے جس میں اوسطاً چار سال کے بچے کو جبر اور دھونس سے کام لے کر اسکول جانے پر مجبور کیا جاتا ہے جہاں بسا اوقات بچہ پیشاب پاخانے جیسی ذاتی اور نجی ضروریات کے لیے بھی بالکل اجنبی افراد کی مدد لینے پر مجبور ہوتا ہے، حالانکہ اپنے گھر کے ماحول میں وہ ایسی ضروریات کے لیے ماں کے علاوہ عموماً گھر کے دوسرے افراد سے بھی مدد لینا قبول نہیں کرتا۔

رسمی تعلیم کے اداروں میں ابتدائی ایک آدھ سال کے بعد بچوں کی تعلیم کا یومیہ دورانیہ کم وبیش اپنے سے دوگنی عمر کے بچوں کے برابر ہو جاتا ہے اور وہ دن کا زیادہ تر حصہ تعلیمی ادارے میں گزارنے کے پابند ہوتے ہیں۔ پھر اس پر بس نہیں کی جاتی، بلکہ ہوم ورک کی صورت میں بچوں کے گھر کا سکون برباد کرنے کا مزید اہتمام بھی کیا جاتا ہے۔ نظم وضبط کی پابندی، تعلیمی ذمہ داریوں کے بوجھ اور مواخذے اور جواب دہی کے تصور سے یک بارگی واسطہ پڑنا بچوں کے لیے سوہان روح بن جاتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ جب تعلیم کے عمل سے مجرمانہ ناواقفیت کی وجہ سے ان پر بیک وقت کئی قسم کے مضامین سیکھنے کا بوجھ لاد دیا جاتا ہے تو ان کی شخصیت غیر معمولی دباؤ کا شکار ہو جاتی ہے۔ اس سے بہت سے بچوں کی جسمانی نشو ونما بھی متاثر ہوتی ہے، جبکہ تعلیم کے حوالے سے ناپسندیدگی کا ایک عمومی احساس ان کی شخصیت کا حصہ بن جاتا ہے۔

اس حوالے سے والدین اور تعلیمی اداروں کے منتظمین کی فکری تربیت کی ضرورت ہے۔ تعلیم اور سماجی شعور کی عمومی کمی کی وجہ سے زیادہ تر والدین اس ضمن میں از خود کوئی شعوری فیصلہ کرنے کی پوزیشن میں نہیں ہوتے۔ وہ ماحول کے عمومی چلن کو دیکھتے ہیں اور اسی کو صحیح اور بہتر سمجھ کر اختیار کرنے پر مجبور ہوتے ہیں۔ تاہم اگر انھیں بچے کی نفسیات اور تعلیمی عمل سے متعلق کچھ بنیادی حقائق کا شعور مل جائے تو ان سے بہتر فیصلوں کی توقع کی جا سکتی ہے۔ تعلیمی اداروں کے منتظمین کی سوچ اور ترجیحات میں بھی شعوری تبدیلی لانے اور انھیں یہ احساس دلانے کی ضرورت ہے کہ تعلیم محض ایک کاروبار نہیں، بلکہ اس کے ساتھ نئی نسل کی تعمیر شخصیت کا نہایت اہم اور نازک سوال وابستہ ہے۔ تعلیمی ادارے اگر چھوٹی عمر کے بچوں کو اسکول میں لانے کے بجائے والدین کے لیے ایسے تعلیمی وتربیتی پروگراموں کا آغاز کریں جن میں انھیں گھر کے ماحول کو بچوں کی تعلیم وتربیت کے لیے زیادہ سازگار اور موثر بنانے کے طریقے سکھائے جائیں تو یہ معاشرے اور قوم کی زیادہ قابل قدر اور قابل تحسین خدمت ہوگی۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

**آرا وافکار**

ڈاکٹر محی الدین غازی*

# اردو تراجم قرآن پر ایک نظر

## مولانا محمد امانت اللہ اصلاحی کے افادات کی روشنی میں-۱۹

### (۸۷) ثَمَرَاتِ النَّخِيلِ وَالأَعْنَابِ کا ترجمہ

نخیل کا مطلب کھجور کا درخت ہوتا ہے، اور ثمرات النخیل کا مطلب کھجور ہوتا ہے، جبکہ اعناب کا اصل مطلب انگور ہوتا ہے، کبھی انگور کی بیلوں کے لیے بھی استعمال ہوسکتا ہے، اس وضاحت کی روشنی میں ذیل میں مذکور آیت کے مختلف ترجمے ملاحظہ فرمائیں:

وَمِن ثَمَرَاتِ النَّخِيلِ وَالأَعْنَابِ تَتَّخِذُونَ مِنْهُ سَكَراً وَرِزْقاً حَسَناً إِنَّ فِي ذَلِكَ لآيَةً لِّقَوْمٍ يَعْقِلُونَ۔ (النحل:٦٧)

''اسی طرح کھجور کے درختوں اور انگور کی بیلوں سے بھی ہم ایک چیز تمہیں پلاتے ہیں، جسے تم نشہ آور بھی بنا لیتے ہو، اور پاک رزق بھی'' (سید مودودی، اس ترجمہ میں توجہ طلب بات یہ ہے کہ کھجور کے درخت اور انگور کی بیلوں سے نہ شراب بنتی ہے، اور نہ رزق حسن، اور آیت میں تو خود ثمرات کا ذکر ہے)

''اور کھجور اور انگور کے درختوں کے پھلوں سے تم شراب بنا لیتے ہو اور عمدہ روزی بھی''۔ (محمد جوناگڑھی، اس ترجمہ میں توجہ طلب بات یہ ہے کہ انگور کے درخت تو ہوتے نہیں ہیں، بیلیں ہوتی ہیں)

''اور کھجور اور انگوروں کے پھلوں سے تم لوگ نشہ کی چیز اور عمدہ کھانے کی چیزیں بناتے ہو'' (اشرف علی تھانوی، اس ترجمہ میں توجہ طلب بات یہ ہے کہ اردو کے لحاظ سے کھجور اور انگور خود پھل ہیں، اس لئے کھجور اور انگور کے پھل کہنا غیر فصیح ہے، عربی میں نخیل کھجور کے درخت کو کہتے ہیں، اس لیے ثمرات النخیل کہنا فصیح ہے، جبکہ الاعناب کا تو مطلب ہے انگور ہے)

''اور کھجور اور انگور کے پھلوں میں سے کہ اس سے نبیذ بناتے ہو، اور اچھا رزق'' (احمد رضا خان، اس ترجمہ میں توجہ طلب بات یہ ہے کہ سکر کا ترجمہ نبیذ درست نہیں ہے، کیونکہ نبیذ میں نشہ کا ہونا ضروری نہیں ہے جبکہ سکر میں اصلا نشہ کا مفہوم ہے)

اوپر کے تمام ترجموں میں تتخذون کا ترجمہ ''بنانا'' کیا گیا ہے، مولانا امانت اللہ اصلاحی کا خیال ہے کہ تتخذون

*رکن مجمع فقہاء الشریعہ بامریکا۔ ای میل: mohiuddin.ghazi@gmail.com



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

کا مطلب بنانا نہیں بلکہ حاصل کرنا ہے، مولانا آیت مذکورہ کا ترجمہ یوں کرتے ہیں:

''اور کھجور اور انگور سے بھی تم نشہ حاصل کر لیتے ہو اور پاک رزق بھی''

**(۸۸) خَيْرُ الرَّازِقِينَ کا ترجمہ**

قرآن مجید میں خیر الرازقین کئی جگہ آیا ہے، عربی زبان میں ''خیر'' کبھی تفضیل کے لیے ہوتا ہے تو کبھی مبالغہ کے لیے، اردو میں جب ہم سب سے اچھا اور سب سے بہتر کہتے ہیں تو صرف تفضیل مراد ہوتی ہے، اور جب بہترین کہتے ہیں، تو تفضیل بھی مراد ہو سکتی ہے اور مبالغہ بھی مقصود ہو سکتا ہے۔ اس لحاظ سے جہاں کلام کا موقع ومحل یہ تقاضا کرے کہ تفضیل کے بجائے مبالغہ کا مفہوم لیا جائے وہاں ''سب سے بہتر'' کے بجائے ''بہترین'' کہنا مناسب ہوتا ہے، خیر الرازقین کے ترجمہ میں اس کا لحاظ ہونا چاہئے، کیونکہ رازق تو صرف اللہ ہے، اس کے سوا کوئی رازق نہیں ہے، اس لیے خیر الرازقین کا ترجمہ بہترین رازق کرنا چاہئے نہ کہ سب سے بہتر رازق۔

مترجمین کے یہاں ہم دیکھتے ہیں کہ وہ ''بہترین'' اور ''سب سے بہتر'' کے درمیان فرق کو ملحوظ نہیں رکھتے اور ایک ہی مترجم کہیں سب سے بہتر کا ترجمہ کرتا ہے تو وہی دوسری جگہ بہترین کا ترجمہ کرتا ہے۔

مندرجہ ذیل آیتوں کے ترجموں کا اس پہلو سے جائزہ لیا جا سکتا ہے:

(۱) وَارْزُقْنَا وَأَنتَ خَيْرُ الرَّازِقِينَ۔ (المائدۃ:۱۱۴)

''اور تو ہم کو رزق عطا فرما دے اور تو سب عطا کرنے والوں سے اچھا ہے'' (محمد جوناگڑھی)

''اور ہمیں رزق دے اور تو سب سے بہتر روزی دینے والا ہے'' (احمد رضا خان)

''اور عطا فرما، تو بہترین عطا فرمانے والا ہے'' (امین احسن اصلاحی)

''ہم کو رزق دے، اور تو بہترین رازق ہے'' (سید مودودی)

(۲) وَإِنَّ اللَّهَ لَهُوَ خَيْرُ الرَّازِقِينَ (الحج:۵۸)

''اور بے شک اللہ تعالی روزی دینے والوں میں سب سے بہتر ہے'' (محمد جوناگڑھی)

''اور بے شک اللہ کی روزی سب سے بہتر ہے'' (احمد رضا خان)

''اور بے شک اللہ ہی ہے جو بہترین رزق دینے والا ہے'' (امین احسن اصلاحی، اس میں مزید اصلاح کر کے مناسب ترجمہ یوں ہوگا: ''اور بے شک اللہ بہترین رزق دینے والا ہی ہے'')

''اور یقیناً اللہ ہی بہترین رازق ہے'' (سید مودودی، البتہ ''ہی'' کو ''بہترین رازق'' کے بعد آنا چاہئے)

(۳) وَهُوَ خَيْرُ الرَّازِقِينَ۔ (المؤمنون:۷۲)

''اور وہ سب سے بہتر روزی رساں ہے'' (محمد جوناگڑھی)

''اور وہ سب سے بہتر روزی دینے والا'' (احمد رضا خان)

''اور وہ بہترین روزی بخشنے والا ہے'' (امین احسن اصلاحی)

''اور وہ بہترین رازق ہے'' (سید مودودی)



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

( ٤ ) وَاللّٰهُ خَيرُ الرَّازِقِينَ۔(الجمعۃ:۱۱)

’’اوراللہ تعالی بہترین روزی رساں ہے‘‘(محمد جوناگڑھی)

’’اوراللہ کارزق سب سے اچھا‘‘(احمدرضاخان)

’’اوراللہ بہترین روزی دینے والا ہے‘‘(امین احسن اصلاحی)

’’اوراللہ سب سے بہتر رزق دینے والا ہے‘‘(سیدمودودی)

( ٥ ) وَمَا أَنفَقتُم مِّن شَیءٍ فَهُوَ یُخلِفُهُ وَهُوَ خَیرُ الرَّازِقِین۔(سبا:۳۹)

’’تم جو کچھ بھی اللہ کی راہ میں خرچ کروگے اللہ اس کا(پوراپورا)بدلہ دے گا،اوروہ سب سے بہتر روزی دینے والا ہے‘‘(محمد جوناگڑھی)

’’اور جو چیز تم اللہ کی راہ میں خرچ کرو وہ اس کے بدلے اور دے گا،اوروہ سب سے بہتر رزق دینے والا‘‘(احمد رضاخان)

’’اور جو کوئی چیز بھی تم خرچ کروگے تو وہ اس کا بدلہ دے گا اور وہ بہترین رزق دینے والا ہے‘‘(امین احسن اصلاحی)

’’اور جوخرچ کرتے ہو کچھ چیز وہ اس کا عوض دیتا ہے اور وہ بہتر ہے روزی دینے والا‘‘(شاہ عبدالقادر)

اس آیت کے ترجمے میں مترجمین سے عام طور سے ایک غلطی اور ہوئی ہے،اوروہ ہے یُخلِفُه کا ترجمہ،اس کا ترجمہ بہت سے مترجمین نے بدلہ دینا کیا ہے،لیکن اس کا صحیح ترجمہ بدلہ دینا نہیں بلکہ بدل دینا ہے،بدلہ دینے کے لئے جزی آتا ہے،اور بدل دینے کے لیے أخـــــلف آتا ہے،بعض لوگوں نے عوض دینے کا ترجمہ کیا ہے،جو قدرے مناسب ہے،یعنی اس آیت میں انفاق کا بدلہ دینے کی نہیں بلکہ انفاق سے جو مال میں کمی ہوئی ہے اس کمی کو نعم البدل کے ذریعہ پورا کردینے کی بات ہے،جس کو حدیث میں کہا گیا ہے کہ کسی بندے کے صدقہ دینے سے اس کے مال میں کمی نہیں آتی ہے، ما نقص مال عبد من صدقة ۔گویا جو کوئی اللہ کی راہ میں خرچ کرتا ہے اللہ اس کا بدل دنیا میں دیتا رہتا ہے،اور اس کے مال میں انفاق کی وجہ سے کمی نہیں ہونے دیتا،اور پھر آخرت میں تو انفاق کا بدلہ ملے گا جس کا وعدہ متعدد مقامات پر کیا گیا ہے۔یعنی یہاں وعدہ نہیں ہے بلکہ اللہ کی سنت جاریہ کا تذکرہ ہے اس لحاظ سے پوری آیت کا ترجمہ مستقبل کے صیغے سے کرنے کے بجائے حال کے صیغے سے کرنا چاہئے،ذیل کے ترجمے میں یُخلِفُه کا ترجمہ بالکل درست کیا گیا ہے،لیکن خَیرُ الرَّازِقِین کا ترجمہ درست نہیں ہے:

’’اور جو کچھ تم خرچ کرتے ہو اس کی جگہ وہی تم کو اور دیتا ہے،وہ سب رازقوں سے بہتر رازق ہے‘‘(سیدمودودی)

مولانا امانت اللہ اصلاحی مذکورہ بالا تمام امور کی رعایت کے ساتھ ترجمہ کرتے ہیں:’’اور جو کچھ بھی تم خرچ کرتے ہو تو وہ اس کا بدل دیتا ہے اور وہ بہترین رزق دینے والا ہے‘‘

## (۸۹) احسن الخالقین کا ترجمہ

جس طرح خیر الرازقین کا ترجمہ بہترین رازق ہونا چاہئے،اسی طرح احسن الخالقین کا ترجمہ بہترین خالق



© rasailojaraid.com